سوال

سری نماز میں آیت سجدہ کی قراءت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام اگر سری نماز مثلاً ظہر یا عصر میں ایسی آیات یا سورۃ کی تلاوت کرے جس میں آیت سجدہ ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کےلئے یہ مکروہ ہے کہ وہ سری نماز میں آیت سجدہ کی تلاوت کرے۔ کیونکہ اگر وہ سجدہ نہ کرے گا۔ تو تارک سنت ہوگا اگر سجدہ کرے گا تو اس سے مقتدیوں کو ابہام اور تشویش لاحق ہوگی لہذا اس کی قراءت کو ترک کرنا افضل ہے۔ اور اگر وہ آیت سجدہ کو پڑھ لے تو سجدہ تلاوت نہ کرے کیونکہ اس سے مقتدیوں کو تشویش لاحق ہوگی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص428

محدث فتویٰ